انفاق فی سبیل اللہ | مؤلف: منیر احمد خلیلی - ناشر: حسن البنا اکیڈمی، راولپنڈی۔
صفحات: ۲۲۴ قیمت: ۳۰/- روپے۔

اسلامی نظامِ زندگی کا ایک اہم شعبہ انفاق فی سبیل اللہ ہے۔ سورۂ بقرہ کے آغاز ہی میں قرآن سے ہدایت پانے والوں کی ایک لازمی صفت (یا شرط) یہ بتائی گئی ہے وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۔ انفاق فی سبیل اللہ میں زکوٰۃ تو اہم فریضہ کی حیثیت سے آتی ہے، مگر بوڑھے والدین اور اہل و عیال کی کفالت، رشتہ داروں اور پڑوسیوں کی اعانت، اور یتیموں، مسکینوں، بیواؤں، قیدیوں، بیماروں، بوڑھوں، مسافروں اور سائلوں اور مصیبت زدہ لوگوں کی خدمت کے علاوہ نذر، نیاز، فطرانہ، مصارفِ سفرِ حج، قربانی، مالی کفارات، عفوطلبی اور مصیبت سے نجات کے لیے صدقات وغیرہ بے شمار مدات ہیں۔ پھر ان چیزوں سے بھی آگے تبلیغِ دین، تعلیمِ دین، سعی اقامتِ دین اور جہاد فی سبیل اللہ کے لیے کھلے دل سے مال خرچ کیے بغیر حق ادا نہیں ہو سکتا۔ باقی چیزوں پر تو جناب مؤلف نے ضروری باتیں لکھی ہیں، مگر اس آخری تفصیل طلب موضوع پر وضاحت و صراحت سے کچھ زور دار گفتگو نہیں ہو سکی۔

یوں اس کتاب میں آیات و احادیث اور حضورؐ پاک کے عملی نمونے اور صحابہ کرامؓ کے واقعاتی نظائر کو پیش کر کے اپنے مباحث کو مؤثر بنایا ہے۔ انہوں نے خاص توجہ اس بات پہ دی ہے کہ خدا کے ہاں کوئی انفاق ناپسندیدہ اور نامقبول کن وجوہ سے ہوتا ہے۔ اور یہ کتاب کا ضروری حصہ ہے۔ خلیلی صاحب نے واضح کیا ہے کہ مادہ پرستانہ ذہنیت وہ بلا ہے جو آدمی میں بخل اور کنجوسی کے ساتھ اپنی خواہشوں کے لیے تو اسراف تک پیدا کر دیتی ہے مگر آدمی کو انفاق فی سبیل اللہ سے روکتی ہے۔ اُن کی یہ بحث بھی اہم ہے

تمام مسلمانوں، خصوصاً دینی کام کرنے والوں اور طلبہ کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔

حجابِ نسواں | مؤلف: استاد مظہر ادیب صاحب - ناشر: مکتبۃ السفیر، قذافی مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۱۲ قیمت: ۸/- روپے

مظہر ادیب صاحب کی تحریروں سے میں کئی برس سے استفادہ کرتا رہا ہوں۔ وہ ایک صاف

سفرے ذہن اور مغرب کے تہذیبی سامراج سے آزاد اسلامی فکر سے بہرہ مند ہیں۔ عورت اور پردے کے موضوع پر انہوں نے پہلے بھی لکھا ہے اور ان دنوں جو نئی بحثیں چھڑی ہوئی ہیں اُن کو سامنے رکھ کر تازہ مختصر کتاب حجابِ نسواں مرتب کی ہے۔ ان کا اندازِ تحریر مؤثر ہوتا ہے۔ امید ہے کہ اس کتاب کو مقبولیت حاصل ہوگی اور اسے نہ صرف اسلام سے گہری وابستگی رکھنے والی خواتین پڑھیں گی، بلکہ معاشرے کا فعال عنصر اسے جدید خواتین تک بھی پہنچا دے گا۔

UNITE THE NECKTIE	مؤلف: استاذ مظہر ادیب۔ ناشر: مکتبۃ السفیر، اُردو بازار

لاہور ۲ قیمت: ۴/- روپے

اس پمفلٹ میں مؤلف نے انگریزی اخبارات کے لیے لکھے ہوئے (اور شائع شدہ) خطوط کا ایک انتخاب جمع کیا ہے۔ زیادہ تران خطوط کا تعلق معاشرتی احوال سے ہے۔ یہ گویا چھوٹے چھوٹے دلچسپ نوٹ ہیں۔ کاشکہ طباعتی معیار ذرا بہتر ہوتا۔

انقلابِ ایران اور اس کی اسلامیت	از مولانا عتیق الرحمٰن سنبھلی۔ ناشر: ملک سنز، کارخانہ بازار، فیصل آباد صفحات: ۸۰ قیمت: ۹/- روپے

فروری ۱۹۷۹ء کے انقلابِ ایران کا تیسرا سال تھا فروری ۱۹۸۲ء کہ مؤلف کو ایران کا بچشمِ خود مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ اپنے سفرِ ایران کا حال موصوف نے افادۂ عام کے لیے قلم بند کیا۔ یہ طریقِ مطالعہ مناسب و متوازن ہے کہ سنبھلی صاحب نے انقلابِ ایران کے جو خوشگوار پہلو دیکھے وہ بھی دلی اعتراف کے ساتھ پیش کر دیئے اور جن چیزوں کو ناخوشگوار پایا ان کا تذکرہ بھی کر دیا۔ انقلابِ ایران سے جن بھی اصحاب کو موافقانہ یا مخالفانہ لحاظ سے دلچسپی ہو ان کو اس سفرنامے کا مطالعہ کرنا چاہیے۔